قائداعظم ٹرافی فرسٹ الیون ٹورنامنٹ کے پانچویں راؤنڈ کا دوسرا روز مکمل

- بلوچستان کی جانب سے عمران بٹ کی شاندار ڈبل سنچری
- پہلی اننگز میں ناردرن کے 550رنز کے جواب میں سدرن پنجاب نے ایک وکٹ گنوا دی
- 16 سالہ فاسٹ باؤلر نسیم شاہ کی تیز گیندوں کے سامنے سندھ کی ٹیم مشکلات کا شکار

لاہور،29 اکتوبر 2019ء:

بگٹی اسٹیڈیم کوئٹہ میں خیبرپختونخوا نےبلوچستان کے 553رنز کے جواب میں بغیر کسی نقصان کے150 رنز بنالیےہیں۔ بلوچستان کی جانب سے عمران بٹ اور عمران فرحت نے 341 رنز کے مجموعے سےکھیل کے دوسرے روز کا آغاز کیا توعمران فرحت 134 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئے ۔ چوتھی وکٹ کے لیے دونوں کھلاڑیوں کے درمیان 256 رنز کی شراکت قائم ہوئی تاہم عمران بٹ نے دوسرے اینڈ سے مزاحمت جاری رکھی اور شاندار ڈبل سنچری اسکور کی۔387 گیندوں کا سامنا کرنے والے عمران بٹ نے18 چوکوں اور 3 چھکوں کی مدد سے 214 رنز بنائے۔ وکٹ کیپر بیٹسمین بسمعہ اللہ خان نے 75رنز کی جارحانہ اننگز کھیلی۔ بلوچستان کے کپتان عمران فرحت نے 8 وکٹوں کے نقصان پر 553 رنز بنا کر پہلی اننگز ڈکلیئر کردی۔ خیبرپختونخوا کے اسپنر ساجد خان نے 3 اور فاسٹ باؤلر عمران خان سینئر نے 2وکٹیں حاصل کیں۔ جواب میں صاحبزادہ فرحان اور اسرار اللہ پر مشتمل اوپننگ جوڑی نے بلوچستان کو 150 رنز کا آغاز فراہم کردیا ہے۔ کپتان صاحبزادہ فرحان 72 اور اسرار اللہ 71کے انفرادی اسکور سے کھیل کے دوسرے روز کا آغاز کریں گے۔

دوسری جانب جناح اسٹیڈیم سیالکوٹ میں سدرن پنجاب نے ناردرن کے 550رنز کے جواب میں ایک وکٹ کے نقصان پر 102 رنز بنالیےہیں‌کھیل کے دوسرے روز384رنز سے ناردرن کی پہلی اننگز کاآغاز کرنے والے ذیشان ملک اور عمر امین اپنے انفرادی

اسکور میں بالترتیب 12اور 3 رنزکا اضافہ کرنے کے بعد آؤٹ ہوگئے۔ناردرن کرکٹ ٹیم نےمڈل آرڈر بیٹسمین فیضان ریاض کے 83اورکپتان روحیل نذیر کےناقابل شکست 44رنز کی بدولت 6وکٹوں کے نقصان پر 550 رنز بنا کر پہلی اننگز ڈکلیئر کردی۔سدرن پنجاب کی جانب سے راحت علی نے 3 اور محمد عباس نے 2وکٹیں حاصل کیں۔جواب میں شان مسعود اور سمیع اسلم پر مشتمل اوپننگ جوڑی نے سدرن پنجاب کو 98 رنز کا آغاز فراہم کیا۔ کپتان شان مسعود 58 رنز بنا کرآؤٹ ہوئے۔ دوسرے روز کھیل کے اختتام پر سمیع اسلم 42 اور عمر صدیق 2 اسکور بنا کر کریز پر موجود ہیں۔

ادھر اقبال ا سٹیڈیم فیصل آباد میں سندھ نےسنٹرل پنجاب کے 313رنز کے جواب میں 3وکٹوں کے نقصان پر 196رنز بنالیےہیں۔ کھیل کے دوسرے روزفہیم اشرف اور احسان عادل نے263رنز سےسنٹرل پنجاب کی پہلی اننگز کادوبارہ آغاز کیا۔دونوں کھلاڑیوں کے درمیان 59 رنز کی شراکت قائم ہوئی۔ آلراؤنڈر فہیم اشرف کے ناقابل شکست 52 رنز کی بدولت میزبان ٹیم300 رنز سے زائدرنز کا مجموعہ اسکور کرنے میں کامیاب ہوئی۔ سنٹرل پنجاب کی پوری ٹیم 95.5 اوورز میں 313 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی۔ سندھ کی جانب سے اسپنر کاشف بھٹی نے 3 جبکہ میر حمزہ، سہیل خان اور تابش خان نے 2،2 وکٹیں حاصل کیں۔ جواب میں سندھ کی جانب سےپہلی اننگز کا آغاز متاثر کن نہ رہا اور محض 72رنز پر ابتدائی 4 کھلاڑی آؤٹ ہوکر پویلین واپس لوٹ گئے۔ سنٹرل پنجاب کے 16سالہ فاسٹ باؤلر نسیم شاہ نے تجربہ کار خرم منظور، عابد علی اور عمیر بن یوسف کو پویلین کی راہ دکھائی۔اسد شفیق کو فہیم اشرف نےآؤٹ کیا۔ پانچویں وکٹ کے لیےفواد عالم اور سعد علی نے ذمہ دارانہ کھیل کا مظاہرہ کیا۔میچ کے دوسرے روزنصف سنچریاں اسکور کرنے والے دونوں کھلاڑیوں کے درمیان 124 رنز کی ناقابل شکست شراکت قائم ہوچکی ہے۔ دن کے اختتام پر فواد عالم 78 اور سعد علی 60 رنز بنا کر کریز پر موجود ہیں۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk